ان لله لوحا احدوجهيه درة والاخرياقوتة
قلمه النور فيه يخلق وبه يرزق وبه يحيى و
به يميت ويعز ويذل ويفعل مايشاء في يوم
وليلة رواه ابو الفتوح الازدي عن انس مرفوعا
قال ابن الجوزي موضوع في اسناده محمد بن عثمان
الحدائي متروك الحديث قال الذهبي اتى بخبر
باطل يعني هذا وقد اخرجه ابو الشيخ في
كتاب العظمة **حديث** لما اسرى بي الى السماء انتهى
بي جبريل الى سدرة المنتهى فغمسني في النور
غمسة ثم تنحى عني فقلت حبيبي جبريل احوج
ماكنت اليك تدعني وتنحى فقال يا محمد انك
في موقف لايكون نبي مرسل ولاملك مقرب تقف
ههنا انت من الله ادنى من القاب الى القوس
فاتاني الملك فقال ان الرحمن سبح نفسه فسمعت
الرحمن يقول سبحان الله ما اعظم الله لا اله
الا الله قلت يا رسول الله ما المن قال هكذا
قال يا ابا هريرة لا يخرج روحه من جسده
حتى يرى انه موضعه من الجنة الخ رواه
الخطيب عن ابي هريرة مرفوعا وقال منكر **حديث**
لما اسري بالنبي صلى الله عليه واله وسلم الى
السماء السابعة قال له جبريل رويدا فان ربك
يصلي قال وهو يصلي قال نعم قال وما يقول قال
يقول سبوح قدوس رب الملئكة والروح
سبقت رحمتي غضبي وزجاله ثقات لكنه موقوف
على عطاء فلعله سمعه ممن لا يوثق به في اسناده

الله تعالى کی ایک تختی ہی ایک طرف اوسکی موتی کی ہی اور دوسری
طرف اوسکی یاقوتی ہے قلم اوسکی نور ہے بس اوسکی ساتھہ
پیدا کرتا ہی اور رزق دیتا ہی اور زندہ کرتا ہی اور مارتا ہی اور عزت دیتا
اور ذلیل کرتا ہی اور جو چاہتا ہی کرتا ہے ایک دن رات مین اسکو ابو
الفتوح الازدی نے انس سے مرفوعا روایت کیا ہی کہا ابن جوزی نے موضوع
ہے اسکی اسناد مین محمد بن عثمان الحدائی متروک الحدیث ہی کہا
ذہبی نے یہ باطل خبر مین لاتا ہے اور اسکو ابو الشیخ کتاب العظمت مین
لایا ہے **حدیث** جب مجھے آسمان کا سیر کرایا گیا مجھے جبرائیل سدرۃ
المنتہی کی پاس لے پہونچا پھر مجھے اوسنے نور مین ایک غوطہ دیا پھر
مجھسے ہٹ گیا مینے کہا ای میرے حبیب جبرائیل مین اب تیری طرف
زیادہ محتاج ہون (پہلے سی) مجھے تو چھوڑتا ہی اور ہٹتا ہے کہا اوسنے
ای محمد تو اب ایسی جگہہ مین ہے کہ اوسمین نہ کوئی نبی مرسل اور نہ فرشتہ
مقرب پہونچتا ہی تو الله تعالی کیطرف قریب تر ہے فرق کمان سے پھر میرے
نزدیک ایک فرشتہ آیا اور کہا اوسنے رحمن اپنے نفس کے لیے تسبیح
کر رہا ہے مینے رحمن سے سنا ہی کہ کہتا تہا پاک ہی الله کیا بڑا ہے الله نہین
کوئی لائق عبادت کی مگر الله مینے کہا یا رسول الله کیا (اجر) ہی اسکے
لیے جو یہ کلمے کہے فرمایا ای ابا ہریرہ نہ نکلیگا اوسکا روح اوسکی جسم سے تاکہ وہ
دیکھہ نہ لیگا مین اوسکی جگہ جنت مین دکھلا دیا گیا ہون الخ اسکو
خطیب نے ابی ہریرہ سے مرفوعا روایت کیا ہی اور کہا منکر ہے **حدیث**
جب نبی صلی الله علیہ وسلم کو ساتوین آسمان کا سیر کرایا گیا اوسکو
جبرائیل ع نے کہا ٹھیر اسلیے کہ تیرا رب نماز پڑہ رہا ہی فرمایا آنحضرت نے
کیا وہ بھی نماز پڑہتا ہی کہا اوسنے ہان فرمایا آنحضرت نے وہ کیا
کہتا ہی کہا کہتا ہی پاک ہی بڑا پاک ہی رب فرشتون اور جبرائیل کا میری
رحمت میرے غضب سے سبقت لیگئی ہے اور راوی اسکی ثقہ ہین لیکن
یہ عطا پر موقوف ہی شاید اوسنے کسی غیر معتبر سے سنی ہوگی اور اسکی اسناد

محمد بن یحیی العفار قال الذهبی لاندری من
ذا واورد له هذا الحدیث وقال هذا منکر قال
فی اللآلی لکن رایت له طریقا اخر قال محمد بن
نصر فی کتاب الصلوة وذکر نحوه وکذلک ذکر
نحوه عبد الرزاق فی مصنفه کلاهما عن ابن جریج
عن عطاء قال بلغنی وفیهما ان الله سبحانه
یقول سبوح قدوس رب الملئکة والروح سبقت
رحمتی غضبی **حدیث** یقول الله کل یوم
انا العزیز من اراد عز الدارین فلیطع العزیز
رواه الخطیب عن انس مرفوعا وفی اسناده داود
بن عفان بن جبیب النیسابوری کان یضع
الحدیث علی انس **حدیث** لما تجلی الله للجبل
طارت لعظمته ستة اجبل فوقعت ثلاثة
بمکة وثلاثة بالمدینة فوقع بالمدینة احد
وورقان ورضوی ووقع بمکة ثبیر وحراء وثور
رواه الخطیب عن انس مرفوعا وقال ابن حبان
موضوع وعبد العزیز متروک یروی المناکیر عن
المشاهیر یعنی عبد العزیز بن عمران قد رواه ابو امیة
الطرطوسی عن ابن عباس مرفوعا ان من الجبال
التی تطایرت یوم موسی سبعة اجبل لحقت
بالحجاز وبالیمن منها بالمدینة احد وورقان
وبمکة ثور وثبیر وحراء وبالیمن صبیر وحصور
قیل لیس بصحیح وفی اسناده طلحة بن عمرو وهو متروک
لا تحل الروایة عنه قال فی اللآلی فی الحکم
بوضع هذین الحدیثین نظر والارجح عدمه

محمد بن یحیی العفار ہی کہا ذہبی نے ہم نہیں جانتے کہ وہ کون ہی اور یہ
حدیث اوسکی لایا ہے اور کہا یہ منکر ہے کہا لآلی مین لیکن مینے
اسکے لیے اور طریق دیکھا ہی کہا محمد بن نصر نے کتاب الصلوۃ مین اور
اوسنے اسکی مثل ذکر کیا ہے اور اسیطرح عبد الرزاق نے مصنف مین
ذکر کیا ہی ان دونون نے ابن جریج سے اوسنے عطا سے کہا مجھے پہونچا
ہے اور ان دونون مین ہے اللہ سبحانہ کہتا ہی پاک ہی بڑا پاک ہی رب
فرشتون اور جبرائیل کا میری رحمت میرے غضب پر سبقت لیگئی ہے
حدیث اللہ تعالے ہر روز فرماتا ہی مین غالب ہون جو شخص
عزت دارین کی چاہتا ہے وہ غالب کی اطاعت کرے اسکو خطیب
نے انس سے مرفوعا روایت کیا ہی اور اسکی اسناد مین داؤد بن عفان
بن جبیب النیساپوری ہے وہ انس پر حدیثین گہڑتا تہا +
حدیث جب اللہ تعالی نے پہاڑ پر تجلے ڈالا اسکی عظمت سے
چہہ پہاڑ اڑ گئے پس تین اونسے مکہ مین واقع ہوئے اور تین مدینہ
مین - مدینہ مین احد اور ورقان اور رضوی واقع ہوئے اور
مکہ مین ثبیر اور حرا اور ثور واقع ہوئے - اسکو خطیب نے انس سے
مرفوعا روایت کیا ہے اور کہا ابن حبان نے موضوع ہے اور
عبد العزیز متروک ہی مشاہیر سے مناکیر روایت کرتا ہے یعنی عبد العزیز
بن مروان اور ابو امیہ طرطوسی نے ابن عباس سے مرفوعا اسطرح روایت
کی ہے کہ جو پہاڑ موسی کے دن اڑے تہے وہ سات تہے حجاز اور یمن سے
مل گئے - مدینہ مین اونمے احد اور ورقان - اور مکہ
مین ثور اور ثبیر اور حرا - اور یمن مین صبیر اور حصور - کہا
گیا ہے یہ صحیح نہین - اور اسکی اسناد مین طلحہ بن عمرو
ہے اور وہ متروک ہی - اوس سے روایت کرنی حلال نہین
کہا لآلی مین ان دونون حدیثون مین وضع کے حکم کرنے
مین نظر ہے - اور ترجیح عدم کو ہے + + + + +

فالاولی اخرجه ابن ابی حاتم وابو الشیخ و
ابن مردویه فی تفاسیرهم من طریق عبد العزیز
ابن عمران وعبد العزیز روی له الترمذی ولم
یتهم بکذب واما الحدیث الثانی فاخرجه الطبرانی
فی الاوسط وقال لم یروه عن عطاء الا طلحة و
طلحة روی له ابن ماجة وضعفوه الا انه لم یتهم
بکذب الی اخر کلامه **حدیث** ان رسول
الله صلی الله علیه واله وسلم قال فلما تجلی ربه
للجبل اشار باصبعه فمن نورها جعله دکا
رواه ابن عدی عن انس مرفوعا وفی اسناده ایوب
ابن حوصا متروک الحدیث وقد اخرجه الطبرانی
من وجه اخر بلفظ فلما تجلی ربه للجبل قال تجلی
له بخنصره واخرجه ایضا ابن مردویه واخرجه
احمد فی مسنده والترمذی وقال حسن صحیح و
الحاکم فی المستدرک والضیا فی المختارة وصححه
کلهم عن انس ان النبی صلی الله علیه واله وسلم
قرأ فلما تجلی ربه للجبل جعله دکا قال اخرج
خنصره علی ابهامه فساخ الجبل فالعجب من ابن
الجوزی حیث ادخل هذا الحدیث فی موضوعاته
وقد اخرج الحاکم له شاهدا وصححه عن ابن
عباس قال تجلی منه مثل طرف الخنصر فجعل الجبل
دکا **حدیث** ان الله عز وجل ینزل فی کل
جمعة الی دار الدنیا فی ستمائة الف ملک فی مجلس
علی کرسی من نور بین یدیه لوح من یاقوت
حمراء فیه اسماء من یثبت لو رقة والکیفیة

پس پہلی حدیث کو ابن ابی حاتم اور ابو الشیخ اور ابن مردویہ نے اپنی
تفاسیر مین طریق عبد العزیز بن عمران سے روایت کیا ہے اور عبد
العزیز سے ترمذی نے روایت کی ہے اور وہ کذب سے متہم
نہین ہے اور دوسری حدیث کو طبرانی نے اوسط مین روایت کیا
ہے اور کہا نہین روایت کیا اس حدیث کو عطا سے مگر طلحہ نے اور طلحہ
سے ابن ماجہ نے روایت کی ہے اور لوگون نے اسکو ضعیف کیا ہے مگر وہ کذب سے
متہم نہین ہے انتہے **حدیث** رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے
(اس آیت کی تفسیر مین فرمایا ہے (پس جب اسکے رب نے پہاڑ پر تجلی
ڈالا) انگلی سے اشارت کی پس اوسکی نور سے اوسکو ٹکڑے ٹکڑے کیا
اسکو ابن عدی نے انس سے مرفوعا روایت کیا ہے۔ اور اسکی اسناد مین
ایوب بن حوصا متروک الحدیث ہے اور طبرانی نے اسکو دوسری وجہ
سے ان الفاظ سے روایت کی ہے پس جب اوسکے رب نے پہاڑ پر تجلی ڈالا
فرمایا خنصر سے پھر تجلی ڈالا۔ اور بھی اسکو ابن مردویہ اور احمد نے
مسند مین اور ترمذی (اور کہا اوسنے حسن صحیح ہے) اور حاکم نے مستدرک
مین۔ اور ضیا نے مختارہ مین سب نے انس سے تصحیح کی ہے
نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے پڑھا فلما تجلی ربه للجبل جعله دکا فرمایا اور
آپ نے نکالا خنصر کو ابہام پر پس پہاڑ نے یہ چیخ ماری اور
ابن جوزی سے بڑا تعجب ہے کہ اس حدیث کو اوسنے
موضوعات مین داخل کیا ہے حالانکہ اسکے لیے حاکم
نے شاہد ابن عباس سے ذکر کیا ہے اور بھی اوس نے تصحیح
اسکی کی ہے کہا اوسنے تجلی کیا اوسنے مثل طرف خنصر کی پس
پس پہاڑ کو ٹکڑے ٹکڑے کیا **حدیث** اللہ تعالی ہر جمعہ مین دنیا
کیطرف چھ لاکھ فرشتے مین نازل ہوتا ہے اور نور کی کرسی پر
بیٹھتا ہے۔ روبرو اوسکے ایک تختی یاقوت سرخ سے
ہوتی ہے۔ اوسمین نام اونکے جو روبت اور کیفیت

والصلوة من امة محمد فيباهي بهم الملئكة
ويقول تبارك وتعالى هؤلاء عبيدي الذين
لم يجحدوني واقاموا سنة نبيي ولم يخافوا في
الله لومة لائم اشهدكم يا ملئكتي وعزتي
وجلالي لادخلنهم الجنة بغير حساب رواه
الجوزقاني عن ابن عباس مرفوعا وقال كذب موضوع
باطل مركب على الشيوخ وضعه ابو السعادات
احمد بن منصور بن الحسن بن علي بن القسم وهو
كذاب زنديق ملحد وقال في الميزان هذا الشيخ
المجسم الذي لا يستحي الله من عذابه اذ كيف و
افترى حديث ان نزول الله الى الشئ اقباله
عليه من غير نزول رواه الخطيب عن عبد الرحمن
بن عوف مرفوعا وهو موضوع كما قال ابن الجوزي
وقال في الميزان اسناد مظلم ومتن مختلق حديث
اذا كان عشية عرفة هبط الله الى السماء الدنيا
فيطلع الى اهل الموقف فيقول مرحبا بزواري و
الوافدين الى بيتي وعزتي لانزلن اليكم ولاساوين
مجلسكم بنفسي فينزل الى عرفة فيعمهم بمغفرته
ويعطيهم ما يسالون الا المظالم ويقول يا ملئكتي
اشهدكم اني قد غفرت لهم فلا يزال كذلك الى
ان تغيب الشمس ويكون امامهم الى المزدلفة و
لا يعرج الى السماء في تلك الليلة فاذا اسفر
الصبح ووقفوا عند المشعر الحرام غفر لهم حتى المظالم
ثم يعرج الى السماء وينصرف الناس الى منى رواه
ابو علي الاهوازي عن ابي امامة مرفوعا قال

اور صورت کو محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی امت سے ثابت کرتے ہین
لکھے ہوتے ہین پس سبب انکے فرشتونکی رو برو فخر کرتا ہی اور اللہ
تبارک و تعالی فرماتا ہی یہ میرے وہ بندے ہین جنہون نے مجھے نہین جھٹلایا
اور میرے نبی کی سنت قائم رکھی اور اللہ تعالی کی اکاموں مین کبھی
ملامت کرنیوالے کا خوف نہین کیا اے میرے فرشتو قسم ہے میری عزت
اور جلال کی مین تمکو گواہ کرتا ہون مین انکو بغیر حساب کے جنت مین داخل
کرونگا اسکو جوزقانی نے ابن عباس سے مرفوعا روایت کیا ہی اور کہا کذب
موضوع باطل ہی شیوخ پر یہ مرکب ہے اسکو ابو السعادات احمد بن منصور بن
الحسن بن علی بن القاسم نے بنایا ہی اور یہ کذاب زندیق ملحد ہے
اور کہا میزان مین یہ شیخ مجسم اللہ تعالی کی عذاب سے کہ کیسا ہی حیا نہین کرتا
اور افترا کرتا ہی حدیث نزول اللہ تعالی کا کسی شی کیطرف (مراد
اس سے) اقبال اسکا ہے اسپر نزول (حقیقی) اسکو خطیب نے
عبد الرحمن بن عوف سے مرفوعا روایت کیا ہی اور یہ موضوع ہے
جیسا کہ ابن جوزی نے کہا۔ اور کہا میزان مین اسناد اسکی مظلم اور متن
اسکا مختلق ہے حدیث جب عرفہ کی رات ہوتی ہی اللہ تعالی
آسمان دنیا پر نازل ہوتا ہی اور اہل موقف کی طرف دیکھتا ہی اور کہتا ہے
مبارک ہو میری زیارت کرنیوالون کو اور میرے گھر کی طرف آنیوالونکو قسم
میری عزت کی مین تمہاری طرف نازل ہونگا۔ اور خود تمہاری مجلسین
مساوی کرونگا پس عرفہ کیطرف نازل ہوتا ہی اور انکو اپنی عام بخشش سے
کرتا ہی اور جو کچھ وہ سوال کرتے ہین انکو دیتا ہی مگر ظلم ایک دوسرے کا اور کہتا
ہی اے میرے فرشتو مین تمکو گواہ کرتا ہون کہ مینے انکو بخشدیا ہی پہر اسیطرح رہتا
ہے کہ آفتاب غروب ہوجاتا ہی اور امام انکا مزدلفہ کیطرف جاتا ہی اور اس
رات مین آسمان کیطرف نہین چڑھتا جب صبح ہوتی ہی اور مشعر الحرام
کے پاس لوگ ٹہیرتے ہین انکو بخشدیتا ہی ظلم بھی پہر آسمانکی طرف چڑھتا ہے
اور لوگ منی کیطرف لوٹتے ہین اسکو ابو علی الاہوازی نے ابی امامہ سے مرفوعا روایت

ابن الجوزی هو موضوع کذب بلا شك کما
قاله یحیی بن عبد الوهاب و اکثر رجاله مجاهیل
وضعفاء وقد اخرجه ابن عساکر فی تاریخه و
قال هو باطل وقال الذهبی فی المیزان صنف
الاهوازی کتابا فی الصفات لو لم یجمعه لکان
خیرا له فانه اتی فیه بموضوعات و فضائح **حدیث**
رایت ربی فی المنام فی احسن صورة شابا موفرا
رجلاه فی خضر علیه نعلان من ذهب علی وجهه
فراش من ذهب رواه الخطیب عن ام الطفیل
امرأة ابی وهو موضوع وفی اسناده وضاع و
کذاب و مجهول وقد رواه الطبرانی من طرق
و بالفاظ تقارب هذا **حدیث** ان الله عز
وجل لیغضب فاذا غضب سبحت الملائکة لغضبه
فاذا اطلع الی اهل الارض فنظر الولدان یقرؤن
القرآن تملا ربنا رضی رواه ابن عدی عن ابن عمر
مرفوعا وقال لا اعلم رواه عن ابن عیینة غیر
عبد الله بن ایوب بن ابی علاج وهو منکر
الحدیث قال فی اللآلی رایت له طریقا اخر عن ابن
عیینة فذکرها وقال الذهبی فی المیزان انه کذب
بین وان ابن ابی علاج متهم بالوضع کذاب و
وافقه ابن حجر فی اللسان **حدیث** ان الله
یجلس یوم القیمة علی القنطرة الوسطی بین
الجنة والنار رواه العقیلی عن ابی امامة مرفوعا
وفی اسناده عثمان بن ابی العاتکة لیس بشیٔ و
قال فی اللآلی وثقه ابو داؤد و ابن ماجة و

ابن جوزی نے کہا ہے بلا شک موضوع کذب ہے جیسا کہ یحیی بن عبد الوہاب
نے کہا ہے اور اکثر راوی اسکے مجہول اور ضعیف ہیں اور ابن عساکر
اسکو تاریخ میں لایا ہے اور کہا یہ باطل ہے اور کہا ذہبی نے میزان میں کہ
اہوازی نے ایک کتاب صفات میں تصنیف کی ہے اگر وہ اسکو
جمع نہ کرتا تو اسکے لیے بہت بہلائی تھی اسلیے کہ وہ اسمین موضوعات
اور خوار روایتین لایا ہے **حدیث** مینے اپنے رب کو خواب مین
جوان کامل کی اچھی شکل پر دیکھا ہے پاؤن اوسکے سبزی مین ہین
اور سونے کا جوڑا پہنے ہوئے ہین اور اوسکے منہ پر سونے سے فراش ہے
اسکو خطیب نے ام الطفیل ابی کی عورت سے روایت کیا ہے اور یہ
موضوع ہے اور اسکی اسناد مین وضاع اور کذاب اور مجہول ہے
اور طبرانی نے کئی طرق سے جو الفاظ اونکے اوسکے قریب ہین
روایت کیا ہے **حدیث** اللہ تعالی غضب مین آتا ہے اور جب
غضب مین آتا ہے تو فرشتے اوسکے غضب کی تسبیح پڑھتے ہین
پہر جب زمین والونکی طرف دیکہے اور لڑکون کیطرف جو قرآن
پڑھتے ہین نظر کرے تو اللہ تعالی رضا سے پر ہوتا ہے اسکو ابن عدی
نے ابن عمر سے مرفوعا روایت کیا ہے اور کہا مین اسکو نہین جانتا
اسکو ابن عیینہ سے غیر عبد اللہ بن ایوب بن ابی علاج روایت کیا
ہے اور وہ منکر الحدیث ہے کہا لآلی مین مینے اسکا اور طریق ابن عیینہ سے
دیکہا ہے وہ اوسنے ذکر کیا ہے اور کہا ذہبی نے میزان مین یہ کذب ظاہر
ہے اور ابن ابی علاج وضع سے متہم ہے کذاب ہے اور ابن حجر
لسان مین اسکے موافق ہوا ہے **حدیث** اللہ تعالی قیامت
کے دن بیچ کی پل پر جو جنت اور آگ کے درمیان ہے بیٹھے
گا اسکو عقیلی نے ابی امامہ سے مرفوعا روایت کیا ہے اور اسکی اسناد
مین عثمان بن ابی العاتکہ ہے وہ کچہ شئ نہین ہے - اور کہا
لآلی مین اس سے ابو داؤد اور ابن ماجہ نے روایت کی ہے -

نسبه دحیم الی الصدق وقال احمد لا باس
وقال النسائی ضعیف وله شاهد عند الطبرانی
عن ثوبان بنحوه مرفوعًا **حدیث** ان لله
سبعین حجابا من النور لو کشفها لاحرقت سبحات
وجهه کل ما انصره رواه ابو الشیخ قال فی المختصر
بسند ضعیف وقال ابن الجوزی لا اصل له و
روی الطبرانی باسناد جید بلفظ حجابه النور الخ
حدیث ان لله ثلثمائة خلق من لقیه
بخلق منها مع التوحید دخل الجنة وروی
بالفاظ قال السخاوی والکل ضعیف **حدیث**
هولاء للجنة ولا ابالی وهولاء للنار ولا ابالی
هو مضطرب الاسناد **حدیث** الحمد رداء
الرحمن لم یوجد **حدیث** سمعت من
فوق العرش یقال للشئ کن فلا یبلغ الکاف
النون الا یکون الذی یکون هو موضوع بلا
شك کما قال فی المختصر **حدیث** ان
للعرش ثلاثمائة وستین الف قائمة کل قائمة
من قوائمه کاطباق الدنیا ستون الف مرة الخ
فی اسناده من لا یحتج به وهو موضوع **حدیث**
بین کل سماء الی سماء مسیرة خمسمائة عام قال
فی المختصر رجاله ثقات **حدیث** انه صلی الله
علیه واله وسلم قال لجبریل هل زالت الشمس قال
لا نعم قال کیف قلت لا نعم قال من حین قلت
لا الی ان قلت نعم سارت الشمس مسیرة خمسمائة
عام قال فی المختصر لم یوجد **حدیث**

اور دحیم نے اسکو صدق کیطرف منسوب کیا ہی اور کہا احمد نے
اسکا کچھ خوف نہین ہے اور کہا نسائی نے ضعیف ہے اور اسکے لیے طبرانی میں
ثوبان سے اسکی مثل مرفوع شاہد ہے **حدیث** اللہ تعالی کی آگے ستر
پردے نور سے ہین اگر اونکو کہولے تو اوسکے منہ کی چمکار جہانتک اسکی
نظر ہے سبکچھ جلادین۔ کہا مختصر مین اسکو ابو الشیخ نے سند ضعیف سے
روایت کیا ہی اور کہا ابن جوزی نے اسکا کچھ اصل نہین ہے اور طبرانی
نے سند جید سے ان الفاظ سے روایت کیا ہی پردہ اسکا نور ہے الخ
حدیث اللہ تعالی کے تین سو خلق ہین جو شخص ملے اوسکو ساتھہ
ایک خلق کی ان مین سے ساتھہ توحید کے جنت مین داخل ہوگا اور کئی
الفاظ سے مروی ہی کہا سخاوی نے یہ کل ضعیف ہین **حدیث**
یہ لوگ جنت کیلیے ہین اور مین کچھ پرواہ نہین کرتا اور یہ لوگ آگ
کے لیے ہین اور مین کچھ پرواہ نہین کرتا یہ مضطرب الاسناد ہے **حدیث**
الحمد رحمن کی چادر ہے نہین پائی گئی **حدیث** مینے اوپر عرش سے
سنا ہی (جب) کسی شے کے لیے کن کہا جاتا ہی تو کاف کی نون تک
پہونچنے سے پہلے ہی وہ شے ہوجاتی ہی یہ بلاشک موضوع ہی جیسا کہ
مختصر مین کہا ہے **حدیث** عرش کے تین سو ساٹھہ قائم
ہین اونکا ہر ایک قائمہ دنیا کے ساٹھہ ہزار طبقون کی برابر ہے الخ
اسکی اسناد مین وہ شخص ہے جو حجت پکڑنے کے لائق نہین
ہے اور یہ موضوع ہے **حدیث** ہر ایک آسمان سے
دوسرے آسمان تک فاصلہ پانچ سو برس کا ہی کہا
مختصر مین آدمی اسکے ثقہ ہین **حدیث** نبی صلی اللہ علیہ وسلم
نے جبرائیل سے پوچھا کیا آفتاب ڈہل گیا ہے کہا اونہوں نے نا ہان
فرمایا آنحضرت نے کسطرح تونے نہ ہان کہا۔ کہا اونہون نے میرے نہ کہنے
سے لیکر ہان کہنے تک آفتاب پانچ سو برس کا رستہ سیر کر گیا تہا
کہا مختصر مین نہین پائی گئی۔ **حدیث**

الارض فی البحر کالاصطبل فی الارض قال فی
المختصر لم یوجد **حدیث** ان اللہ خمر طینۃ
آدم بیدہ اربعین صباحا قال فی المختصر ضعیف
حدیث ما من مولود الا مکتوب فی
تشبیک راسہ خمس آیات من فاتحۃ سورۃ
التغابن قال فی الوجیز فی اسنادہ الولید بن الولید
العنسی لا یحل الاحتجاج بہ وقیل صدوق
وھو للبخاری فی تاریخہ عن ابن عمر موقوفا
حدیث ان المنی یمکث فی الرحم اربعین
لیلۃ فیاتیہ ملک النفوس فیعرج بہ الی
الجبار فیقول یارب عبدک ذکر او انثی
فیقضی اللہ ما ھو قاض ثم یقول یارب اشقی
ام سعید فیکتب ما ھو لاق بین یدیہ وتلا
ابو ذر الراوی لہ وصورکم فاحسن صورکم و
الیہ المسیر

کتاب الایمان

حدیث الایمان معرفۃ بالقلب وقول
باللسان وعمل بالارکان رواہ الطبرانی عن علی
مرفوعا قال ابن الجوزی ھو موضوع افتراہ ابو الصلت
عبد السلام بن صالح الھروی وتابعہ من روی
الموضوعات وقال الدارقطنی لم یحدث بہ الا من
سرقہ من ابی الصلت قال فی اللآلی اخرجہ ابن
ماجہ فی سننہ من طریقہ وکذا البیہقی وقد
تقدم ان ابا الصلت وثقہ ابن معین وقال
فی المیزان رجل صالح الا انہ شیعی **حدیث**
الایمان یزید وینقص رواہ الدارقطنی عن معاذ

زمین دریا مین مثل اصطبل کی ہو زمین مین۔ کہا مختصر مین
نہین پائی گئی **حدیث** اللہ تعالی نے آدم کی مٹی کا اپنے ہاتھ
سے چالیس صبح تک خمیر کیا۔ کہا مختصر مین ضعیف ہے **حدیث**
نہین کوئی مولود مگر اوسکے سر کی جالی مین پانچ آیتین سورۂ
تغابن کی ابتدا سے لکھی ہوئی ہین کہا وجیز مین اسکی اسناد
مین ولید بن ولید العنسی ہو اوس سے حجت پکڑنی حلال
نہین ہے۔ اور کہا گیا ہے صدوق ہو اور یہ تاریخ بخاری
مین ابن عمر سے مرفوعا مروی ہے **حدیث** منی رحم
مین چالیس رات تک ٹہیرتی ہے پہر اوسکیطرف وہ فرشتہ
جو روح ڈالنے پر موکل ہو آتا ہے۔ اور اوسکو جبار کیطرف
لے چڑہتا ہے اور کہتا ہے ای میرے رب یہ بندہ تیرا مرد ہے یا عورت
پہر اللہ تعالی جو چاہتا ہے حکم کرتا ہے پہر کہتا ہے ای میرے رب کیا
یہ بدبخت ہے یا سعید پس وہ لکہتا ہے جو چیز اوسکے آگے آتی ہے۔ اور
ابو ذر راوی نے اپنے شاگرد کے لیے یہ آیت پڑہی اوسنے تمکو پیدا
کیا پس تمکو اچہی صورتین بنایا اور اوسیکی طرف بازگشت ہے

کتاب ایمان کے بیان مین۔ حدیث ایمان معرفت
بالقلب اور قول باللسان اور عمل بالارکان کو کہتے ہین اسکو
طبرانی نے علی سے مرفوعا روایت کیا ہے کہا ابن جوزی نے موضوع ہے
افترا اسکی ابو الصلت عبد السلام بن صالح الھروی ہے اور جو شخص
موضوعات روایت کرتا ہے وہ اوسکا تابع ہوا ہے کہا دارقطنی نے نہین حدیث
کی اوس سے مگر اوسنے جسنے ابی الصلت سے اسکو چرایا ہے کہا لآلی مین اسکو
ابن ماجہ نے سنن مین اسی طریق سے لایا ہے اور ایسا ہی بیہقی
بہی اور گذر چکا ہے کہ ابا الصلت کی ابن معین نے توثیق کی ہے
اور کہا میزان مین یہ مرد صالح ہے لیکن شیعہ ہے **حدیث**
ایمان بڑہتا گہٹتا ہے۔ اسکو دارقطنی نے معاذ سے

مرفوعا وفی اسناده عمار بن مطرف وله احادیث
بواطیل ورواه ابن عدی عن ابی هریرة مرفوعا
وفی اسناده احمد بن محمد بن حرب وشیخه و
رواه ابن عدی ایضا عن واثلة بن الاسقع مرفوعا
الایمان قول وعمل ویزید وینقص فعلیکم
بالسنة فالزموها قال ابن عدی موضوع آفته
معروف الخیاط وقال فی المیزان موضوع بیقین
انتهی وله طرق عند الحاکم والجوزقانی وابن حبان
وغیرهم لا یصح منها شئ **حدیث** صنفان
من امتی لا تنالهما شفاعتی المرجیة والقدریة
قیل یا رسول الله من القدریة قال قوم یقولون
لا قدر قیل فمن المرجیة قال قوم یکونون فی آخر
الزمان اذا سئلوا عن الایمان قالوا نحن مؤمنون
ان شاء الله رواه الجوزقانی عن انس مرفوعا
وهو موضوع آفته مامون بن احمد السلمی وشیخه
عبد الله بن مالک السعدی **حدیث** ان
امتی علی الخیر ما لم یتحولوا عن القبلة ولم یستثنوا
فی ایمانهم رواه الجوزقانی عن انس مرفوعا
وهو من وضع المرجیة وفی اسناده مجاهیل و
قال الذهبی فی ترجمة جعفر بن هرون الواسطی
المذکور فی اسناده اتی بخبر موضوع وهو هذا
حدیث من قال الایمان یزید وینقص فقد
خرج من امر الله ومن قال انا مؤمن ان شاء الله
فلیس له فی الاسلام نصیب رواه محمد بن تمیم و
هو واضعه **حدیث** ان من تمام ایمان

مرفوعا روایت کیا ہی اور اسکی اسناد مین عمار بن مطرف ہی
اور حدیثین اوسکی باطلہ ہین اور ابن عدی نے ابی ہریرہ سے مرفوعا
روایت کیا ہی اور اسکی اسناد مین احمد بن محمد بن حرب اور شیخ
اوسکا ہی اور ابن عدی نے بھی واثلہ بن الاسقع سے مرفوعا روایت
کیا ہی کہ ایمان قول و عمل ہی بڑہتا ہی اور گہٹتا ہی پس لازم
پکڑو سنت کو اور التزام کرو اوسکا۔ کہا ابن عدی نے موضوع ہے
اور آفت اسکی معروف الخیاط ہی اور کہا میزان مین بالیقین موضوع
ہی انتہے۔ اور حاکم اور جوزقانی اور ابن حبان وغیرہ مین اسکی بہت
طرق ہین اونمین کوئی شی صحیح نہین ہے۔ **حدیث** دو قسمین ہین
میری امت سے اونکو میری شفاعت نہ پہونچیگی مرجیہ اور قدریہ
کہا گیا یا رسول اللہ قدریہ کون ہین فرمایا وہ قوم ہی جو کہتی ہے قدر
نہین ہے۔ کہا گیا مرجیہ کون ہے فرمایا وہ قوم آخر زمانہ مین پیدا ہوگی
جب ایمان سے سوال کیے جاتے ہین کہتے ہین ہم انشاء اللہ تعالے مومن ہین
اسکو جوزقانی نے انس سے مرفوعا روایت کیا ہی اور یہ موضوع
ہے آفت اسکی مامون بن احمد السلمی اور شیخ اوسکا عبد اللہ بن مالک
السعدی ہے۔ **حدیث** میری امت نیکی پر ہے جبتک
قبلہ سے نہ پہرین اور اپنے ایمان مین استثنا نہ کرین اسکو
جوزقانی نے انس سے مرفوعا روایت کیا ہی اور یہ بناوٹ
مرجیہ کی ہے۔ اور اسکی اسناد مین کئی مجہول ہین اور کہا ذہبی
نے ترجمہ جعفر بن ہارون واسطی مین جو اسکی اسناد مین
مذکور ہے وہی یہ خبر موضوع لایا ہے۔ **حدیث**
جس نے کہا ایمان بڑہتا اور گہٹتا ہے وہ امر اللہ تعالے سے
نکل گیا۔ اور جس نے کہا مین انشاء اللہ تعالے مومن ہون
تو اوسکے لیے اسلام مین کچھ حصہ نہین ہے۔ اسکو محمد بن تمیم
نے روایت کیا ہی اور یہی اسکا واضع ہی **حدیث** کہ تمامیت ایمان

العبد ان يستثنى رواه الحسن بن
سفين عن ابى هريرة وهو موضوع وقال فى
الميزان هذا الحديث باطل انتهى فقبح الله هؤلاء
الكذابين جعلوا اقوالا لهم ومذاهبهم احاديث
عن رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم **حديث**
لا يكمل عبد الايمان بالله حتى يكون فيه خمس خصال
التوكل على الله والتفويض الى الله والتسليم لامر
الله والرضا بقضاء الله والصبر على بلاء الله
انه من احب لله وابغض لله واعطى لله ومنع
لله فقد استكمل الايمان رواه الخطيب عن ابن عمر
مرفوعا وقال باطل بهذا الاسناد يعنى الذى
اورده فى كتابه قال فى اللآلى لا ينبغى ان يذكر
فى الموضوعات فانه وارد بغير هذا الاسناد
ثم ذكر انه رواه البزار واخر الحديث رواه ابو داود
من حديث ابى امامة مرفوعا من احب لله واعطى
لله ومنع لله ونكح لله فقد استكمل الايمان و
رواه الترمذى من حديث معاذ بن انس مثله
حديث من شك فى ايمانه فقد حبط عمله
وهو فى الاخرة من الخسرين رواه ابن حبان عن
انس مرفوعا وهو موضوع **حديث** كما
لا ينفع مع الشرك شئ كذلك لا يضر مع الايمان
شئ رواه الخطيب عن عمر بن الخطاب مرفوعا و
فى اسناده المنذر بن زياد الطائى وهو كذاب
قال فى اللآلى له طريق اخر عند ابى نعيم فى
الحلية والطبرانى **حديث** يبعث الاسلام

آدمی سے یہ ہے کہ استثنا کرے۔ اسکو حسن بن سفین نے ابی ہریرہ
سے روایت کیا ہے اور یہ موضوع ہے اور کہا میزان میں یہ حدیث
باطل ہے انتہے اللہ ان کذابوں کو خوار کرے جنہوں نے اپنی باتیں
اور مذاہب حدیثوں کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے بنایا
ہے **حدیث** کسی شخص کا ایمان کامل نہیں ہوتا
جب تک اوسمیں پانچ خصلتیں نہ ہوویں۔ اللہ پر توکل کرنا
اور اللہ کیطرف (اپنے کاموں کا) سپرد کرنا۔ اور امر اللہ کا تسلیم کرنا
اور اللہ کی قضا پر راضی ہونا۔ اور اوسکی مصیبتوں پر صبر کرنا
جسنے اللہ تعالے کے لیے دوستی کی اور اللہ تعالے کے لیے بغض کیا اور اللہ تعالے کے
کیلیے دیا اور اللہ تعالے کے لیے منع کیا تو اوسنے اپنے ایمان کو کامل کیا
اسکو خطیب نے ابن عمر سے مرفوعًا روایت کیا ہے اور کہا یہ اسناد
جسکو وہ اپنی کتاب میں لایا ہے باطل ہے کہا لآلی میں لائق نہیں کہ یہ
موضوعات میں ذکر کیجاے۔ اسلیے کہ یہ غیر اس اسناد سے بھی وارد
ہوئی ہے۔ پہر اوسنے ذکر کیا کہ اسکو بزار نے روایت کیا ہے اور
آخر حدیث کو ابوداود نے ابی امامہ سے مرفوعًا لایا ہے جو اللہ کے لیے دوستی
کرے اور اللہ کیلیے دے اور اللہ کیلیے منع کرے اور اللہ کیلیے نکاح کرے تو اوسنے
اپنے ایمان کو کامل کیا اور ترمذی نے معاذ بن انس سے مثل اسکی روایت
کی ہے **حدیث** جو شخص اپنے ایمان میں شک کرے اوسکے
عمل ضائع ہوئیگے۔ اور وہ آخرت میں زیانکاروں سے ہے۔ اسکو ابن حبان
نے انس سے مرفوعًا روایت کیا ہے اور یہ موضوع ہے **حدیث** جیسے
کہ شرک کے ساتھہ کوئی شے نفع نہیں دیتی ویسا ہی ایمان کے ساتھہ
کوئی شے ضرر نہیں دیتی۔ اسکو خطیب نے عمر بن الخطاب سے مرفوعًا
روایت کیا ہے۔ اور اسکی اسناد میں المنذر بن زیاد الطائی
ہے اور وہ کذاب ہے اور کہا لآلی میں اسکے لیے اور طریق ہے اسکو ابونعیم
نے حلیہ میں اور طبرانی نے ذکر کیا ہے **حدیث** قیامت کے دن اسلام

يوم القيمة على صورة الرجل عليه رداؤه
فياتي الرب فيقول يا رب منك خرجت
واليك اعوذ فشفعني اليوم فيمن شئت فيقول
قد شفعتك فيبسط رداءه فيتسبب اليه
الناس فمن تسبب اليه بسبب ادخله الجنة
رواه ابن عدي عن ابي امامة مرفوعا وفي
اسناده رشدين وهو متروك وقال ابن حجر
رشدين ضعيف ولم يبلغ امره الى ان يحكم على
حديثه بالوضع انتهى وقد روى له الترمذي
وابن ماجة حديث من اسلم على يديه
رجل وجبت له الجنة رواه الطبراني عن عقبة
بن عامر الجهني مرفوعا قال ابن معين ليس هذا
الحديث بشيء ومحمد بن معوية النيسابوري
حدث بما ليس له اصل وهذا منه وقال احمد ليس
بثقة احاديثه موضوعة وقال الخطيب يقال
لا اصل لهذا الحديث وقد تابعه سعيد بن
كثير بن عفير وهو من رجال الصحيحين اخرج
ذلك القضاعي في مسند الشهاب قول
علي لما قيل له عرفت الله بمحمد او عرفت محمدا
بالله قال ما احتجت الى رسول الله ولكن الله
عرفني بنفسه بلا كيف كما شاء وبعث محمدا
رسولا ليبلغ القرآن والايمان الخ رواه الجوزقاني
في الواهيات قال ابن الجوزي هذا حديث
موضوع على علي لانه اجل من ان يقول
هذا والمتهم به محمد بن سعيد الهروي

آدمی کی صورت پر اٹھایا جائیگا - اوسپر چادر ہوگی - اللہ تعالی
کے پاس آئیگا - اور کہیگا ای میرے رب تجھسے نکلا ہون اور تیری طرف
لوٹتا ہون پس میری شفاعت قبول کر اس شخص کے حق
مین جسمین مین چاہون کہیگا مینے تیری شفاعت قبول کی
پہر وہ اپنی چادر بچہائیگا - اور لوگ اسکیطرف وسیلہ پکڑینگے
پس جس شخص نے کوئی وسیلہ اوسکی طرف پکڑا ویسے اسکو اللہ تعالی
جنت مین داخل کریگا - اسکو ابن عدی نے ابی امامہ سے مرفوعا روایت
کیا ہی اور اسکی اسناد مین رشدین ہے اور وہ متروک ہی - اور کہا ابن
حجر نے رشدین ضعیف ہی - اور یہ ایسا نہین کہ اسکو بسبب اسکی
حدیث پر حکم وضع کا کیا جائے انتہی اور اسسے ترمذی اور ابن ماجہ
نے روایت کی ہی حدیث جسکے ہاتھ پر کوئی اسلام لائے اوسکے لیے
جنت واجب ہو گیا - اسکو طبرانی نے عقبہ بن عامر الجہنی سے مرفوعا نقل
کیا ہی کہا ابن معین نے یہ حدیث کچھ شی نہین ہے اور محمد بن معویہ
نیساپوری ایسی حدیث بیان کرتا ہے جسکا اصل کچھ نہین ہوتا
اور یہ اسی قسم سے ہی - اور کہا احمد نے ثقہ نہین ہے احادیث اسکی موضوع
ہین اور کہا خطیب نے کہا جاتا ہی کہ اس حدیث کا کچھ اصل نہین ہے حالانکہ
سعید بن کثیر بن عفیر اسکا تابع ہوا ہی اور وہ صحیحین کا راوی ہے اسکو
قضاعی مسند الشہاب مین لایا ہے قول علی کو کہا گیا تمنے اللہ
کو محمد سے پہچانا ہے یا تونے محمد کو اللہ سے پہچانا ہی - کہا اوسنے
مین (اسبات مین) رسول اللہ کا محتاج نہین ہوا لیکن اسکو
مینے نفس مرادی کیفیت کی پہچانتا ہے جیسا کہ اوسنے چاہا اور محمد
کو اوسنے رسول کرکے بہیجا ہے تاکہ قرآن اور ایمان پہونچائے الخ
اسکو جوزقانی نے واہیات مین روایت کیا ہے کہا ابن جوزی
نے یہ حدیث علی پر موضوع ہے اس لیے کہ وہ اسقدر کہنے
سے بری ہے - اور متہم اس کا محمد بن سعید الہروی ہے

خاتمہ در ذکر احادیث متفرقہ

خاتمة فی ذکر احادیث متفرقة ولا تختص بباب معین **حدیث** حذیفة عنه صلی الله علیه واله وسلم ان الله تعالی لما ابرم خلقه احکاما فلم یبق من خلقه غیر ادم خلق شمسین من نور عرشه الحدیث بطوله فی ورقات قال ابن الجوزی موضوع وفی اسناده مجاهیل وضعفاء **حدیث** ان لله دیکا عنقه منطویة تحت العرش ورجلاه تحت النجوم فاذا کانت هنیة من اللیل صاح سبوح قدوس فصاحت الدیکة رواه ابن عدی عن جابر مرفوعا وفی اسناده علی بن علی اللهبی وهو متروک یروی الموضوعات لا یحتج به کذا قال ابن الجوزی وقال الحدیث موضوع قال فی اللآلی لم یتهم بوضع وقد اخرجه البیهقی فی شعب الایمان وقال تفرد به علی بن علی اللهبی وکان ضعیفا ورواه ابن عدی من وجه اخر وفی اسناده یحیی بن زهدم بن الحرث الغفاری عن ابیه قال ابن حبان روی عن ابیه نسخة موضوعة وقال ابن الجوزی موضوع وقال ابن عدی هو من اهل المغرب حدث عنه ابنه وغیره فارجوا انه لا باس به وقال ابن ابی حاتم کتب عنه ابی وسئل عنه فقال شیخ وارجوا ان یکون صدوقا وللحدیث شواهد من طرق متعددة قد استوفاها صاحب اللآلی وذکر منها حدیثا فی الاسری اوله ان النبی صلی الله علیه واله وسلم رای فی

خاتمہ احادیث متفرقہ کے ذکر مین وہ باب معین سے مختص نہین ہے **حدیث** حذیفہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتا ہے کہ جب اللہ تعالی نے خلقت کو احکام سے محکم کرلیا اور آدم کے سوا کوئی باقی نہ رہا تو اللہ تعالی نے دو آفتاب اپنے عرش کے نور سے پیدا کیے یہ حدیث کئی ورقون مین ہے کہا ابن جوزی نے موضوع ہے اور اسکی اسناد مین کئی مجہول اور ضعیف ہین **حدیث** اللہ تعالی کا ایک مرغ ہے گردن اوسکی نیچے عرش کے لٹکی ہوئی ہے اور پاؤن اوسکے نیچے زمینون کے ہین جب کچھ حصہ رات سے گذرتا ہے وہ چیخ مارتا ہے وہ پاک ہے بڑا پاک ہے پھر دوسرے مرغ بھی چیختے ہین اسکو ابن عدی نے جابر سے مرفوعا روایت کیا ہے اور اسکی اسناد مین علی بن علی اللہبی ہے اور وہ متروک ہے موضوعات روایت کرتا ہے حجت کے لائق نہین ہے ایسا ہی ابن جوزی نے کہا ہے اور کہا حدیث موضوع ہے کہا لآلی مین وہ وضع سے متہم نہین ہے اور اسکو بیہقی شعب الایمان مین لایا ہے اور کہا علی بن علی اللہبی اس سے متفرد ہوا ہے اور وہ ضعیف ہے اور ابن عدی نے دوسری وجہ سے روایت کی ہے اور اسکی اسناد مین یحیی بن زہدم بن الحرث الغفاری ہے اپنے باپ سے روایت کرتا ہے کہا ابن حبان نے اسکے باپ کا نسخہ موضوعہ مروی ہے اور کہا ابن جوزی نے موضوع ہے اور ابن عدی اہل مغرب سے ہے اس سے اسکے بیٹے وغیرہ نے حدیث کی روایت کی ہے مین امید رکھتا ہون کہ اسکا کچھ خوف نہین ہے اور کہا ابن ابی حاتم نے میرے باپ نے اوس سے لکھا ہے اور اوس سے اسکی بابت سوال ہوا کہا اوسنے شیخ ہے اور مین امید رکھتا ہون کہ وہ صدوق ہے اور حدیث کی طرق متعددہ سے کئی شواہد ہین ان سب کو صاحب لآلی لایا ہے اور اوسنے ایک حدیث باب اسرے مین ذکر کی ہے اول اسکا یہ ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے

السماء دیکا ثم ذکرہ مطولا فی ورقات وفیہ
عجائب قال ابن الجوزی ھو موضوع والمتھم
بہ میسرۃ بن عبد ربہ وکذا قال ابن حبان و
الذھبی فی المیزان وابن حجر فی اللسان **حدیث**
انہ قل الجراد فی سنۃ من سنی عمر التی ولی فیھا
فسال عنہ فلم یخبر بشئی فاغتم لذلک
فارسل راکبا الی الیمن وراکبا الی الشام وراکبا
الی العراق یسال ھل روئی من الجراد شئی
ام لا فاتاہ الراکب من قبل الیمن بقبضۃ من
الجراد فالقاھا بین یدیہ فلما راھا کبر ثلاثا
ثم قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ و
آلہ وسلم یقول خلق اللہ عزوجل الف امۃ منھا
ستمائۃ فی البحر واربعمائۃ فی البر فاول شئی یھلک
من ھذہ الامم الجراد فاذا ھلکت تتابعت مثل
النظام اذا قطع سلکہ رواہ ابو یعلی قال ابن حبان
موضوع محمد بن عیسی بن کیسان المذکور فی
اسنادہ یروی عن ابن المنکدر العجائب وعبید و
لا یتابع علی عامۃ ما یرویہ وکذا اوردہ ابن
الجوزی فی الموضوعات قال فی اللآلی لم یتھم
محمد بن عیسی بکذب بل وثقہ بعضھم فیما
نقلہ الذھبی وقال ابن عدی انکر علیہ ھذا
الحدیث وحدیث آخر والحدیث اخرجہ ابو الشیخ فی
العظمۃ والبیھقی فی شعب الایمان واقتصر
الحفاظ علی تضعیفہ انتھی **حدیث** ان
الشمس والقمر ثوران عقیران فی النار رواہ الطیالسی

آسمان مین ایک مرغ دیکھا۔ پھر اوسنے اسکو کئی ورقون مین ذکر
کیا ہے اور اوسمین کئی عجائب ہین کہا ابن جوزی نے یہ موضوع ہے اور متہم
اس سے میسرہ بن عبدربہ ہے اور ایسا ہی ابن حبان اور ذہبی نے
میزان مین اور ابن حجر نے لسان مین کہا ہے **حدیث** عمر کی
خلافت مین ایک سال ٹڈی گم ہو گئی انہون نے اوسکی تلاش کی
کچہ خبر نہ پائی پھر اوسکے لیے اونکو بہت غم ہوا تب ایک سوار یمن
کی طرف اور ایک سوار شام کیطرف اور ایک عراق کیطرف
ٹڈی کا حال پوچھنے کے لیے گیا کسی نے کچہ شئے اوس سے دیکھی ہے
یا نہین بہیجا ایک شخص یمن سے ایک مٹھہ ٹڈی کا لایا اور اسکو
عمر کے روبرو ڈالا۔ جب انہون نے اوسکو دیکھا تین تکبیر کہین پھر
کہا مینے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے کہ فرماتے تھے اللہ تعالی
نے ہزار امت پیدا کی ہے جسمین سے چھ سو دریا مین اور چار سو خشکی مین سب سے
پہلے ان امتون سے ٹڈی ہلاک ہوگی پھر جب وہ ہلاک ہوگی تو باقی
امتین مثل نظام کی جب اوسکی ایک لڑی قطع ہو پے در پے ہلاک
ہونگی اسکو ابو یعلی نے روایت کیا ہے کہا ابن حبان نے موضوع ہے
محمد بن عیسی بن کیسان جو اسکی اسناد مین مذکور ہے ابن المنکدر سے
عجائبات روایت کرتا ہے اور عبید کا بہت روایتون پر کوئی تابع
نہین ہوتا اور اسیطرح ابن جوزی نے اسکو موضوعات مین لایا ہے
کہا لآلی مین محمد بن عیسی کذب سے متہم نہین ہے بلکہ بعضون نے
اسکی توثیق کی ہے جیسا کہ ذہبی نے نقل کیا ہے اور کہا ہے
ابن عدی نے اسپر اس حدیث کا اور دوسری حدیث کا انکار
کیا ہے۔ اور اس حدیث کو ابو الشیخ نے عظمت مین
اور بیہقی نے شعب الایمان مین نکالا ہے اور حافظون نے
اسکی تضعیف پر ہی اقتصار کیا ہے انتہی **حدیث** آفتاب اور
چاند دو بیل کھونچ کیے ہوے آگ مین ہین اسکو طیالسی نے

عن انس مرفوعا قال ابن الجوزی لا یصح درست
ابن زیاد لیس بشئ قال فی اللآلی لم یتہم بکذب
بل قال النسائی لیس بالقوی وقال الدارقطنی
ضعیف ووثقه ابن عدی فقال ارجوانه لا باس
وروی له ابوداؤد والحدیث اخرجه ابویعلی و
ابوالشیخ فی العظمة من طریقه وله متابع وله
ایضا شاهد من حدیث ابی هریرة عند البیهقی
فی البعث واخرجه البزار مرفوعا قال
الشمس والقمر ثوران یکوران فی النار یوم القیمة و
الحدیث فی صحیح البخاری بلفظ الشمس والقمر
یکوران یوم القیمة **حدیث** اذا انکسف
فی محرم کانت تلک السنة البلاء والقتال و
شغل السلطان وفتنة الکبراءثم ذکر الانکساف
فی کل شهر وما یکون وهو موضوع وضعه
الجویباری **حدیث** من علامة الساعة
انتفاج الاهلة روی بالجیم ای ارتفاعها و
بالخاء ایضا ذکره فی الذیل وللبخاری فی التاریخ
والطبرانی من اشراط الساعة ان یروا الهلال
فیقولون ابن لیلتین وهو ابن لیلة **حدیث**
لا یتم شهران ستین یوما رواه الدارقطنی عن
سمرة بن جندب مرفوعا قال ابن الجوزی موضوع
افته اسحق بن ادریس قال فی اللآلی له طریق آخر
اخرجها البزار وفی اسنادها کما قال ابن حجر
تالف ورواه الطبرانی وله شاهد عند الطبرانی
عن القسم بن عبد الرحمن بن ابی عمیرة المزنی

انس سے مرفوعاً روایت کیا ہی کہا ابن جوزی نے صحیح نہیں درست
بن زیاد کچھ شئے نہیں ہے۔ کہا لآلی مین یہ کذب سے متہم ہے بلکہ
کہا نسائی نے یہ قوی نہیں ہے اور کہا دارقطنی نے ضعیف ہے
اور ابن عدی نے اسکی توثیق کی ہی اور کہا مین امید رکھتا ہون
کہ اسکا کچھ خوف نہیں ہے اور اس سے ابوداؤد نے روایت کی ہے
اور حدیث کو ابویعلی اور ابوالشیخ نے عظمت مین اسکی طریق سے
روایت کیا ہی اور اسکے لیے متابع ہی اور بیہقی سے بعث مین اسکی لیے
شاہد ہی اور بزار نے مرفوعاً روایت کیا ہی کہا اوسنے آفتاب اور چاند
دو بیل ہین قیامت کو دن آگ مین سیاہ کیے جائینگے اور یہ حدیث
صحیح بخاری مین ان الفاظ سے ہے آفتاب اور چاند قیامت کو دن سیاہ
کیے جائینگے **حدیث** جب محرم مین گرہن لگیگا اوس سال
مین بلائین اور جنگ اور بادشاہونکا شغل اور بڑون کا فتنہ ہوگا
پھر اوسنے ہر مہینے مین گرہن کا ذکر اور جو چیز ہوگی اسکا ذکر کیا ہے
یہ موضوع ہے اسکو جویباری نے بنایا ہی **حدیث** چاند کا بلند
ہونا قیامت کی علامتون سے ہی۔ اور لفظ انتفاج کا جا سے
بھی مروی ہے۔ یہ ذیل مین مذکور ہے اور تاریخ بخاری اور
طبرانی مین ہے قیامت کی علامت سے ہے کہ لوگ چاند کو
اور کہینگے یہ دو راتون کا ہے حالانکہ وہ ایک رات کا
ہوگا **حدیث** دو ماہ کے ساٹھ دن پورے نہیں ہوتے
اسکو دارقطنی نے سمرہ بن جندب سے مرفوعاً روایت
کیا ہے کہا ابن جوزی نے موضوع ہے آفت اسکی اسحق
بن ادریس ہے۔ کہا لآلی مین اسکے لیے اور طریق ہی اسکو
بزار نے نکالا ہی اور اسکی اسناد مین جیسا کہ ابن حجر نے کہا ہے
تالف ہی۔ اور طبرانی نے بھی اسکو روایت کیا ہے اور اسکو
لیے طبرانی مین شاہد قاسم بن عبدالرحمن بن ابی عمیرۃ المزنی سے ہے

قال خمس حفظتهن من رسول الله صلى الله عليه
واله وسلم قال لا صفر ولا هامة ولا عدوى
ولا تتم شهران ستين يوما ورواه ايضا من حديث
ابي امامة حديث اذا غاب الهلال قبل
الشفق فهو لليلة وان غاب بعد الشفق
فهو لليلتين قال ابن حبان لا اصل له حديث
معاذ قال لما بعثني النبي صلى الله عليه واله وسلم الى
اليمن قال انك تاتي قوما اهل كتاب فان سئلوك
عن المجرة فاخبرهم انها من عرق الافعى التي
تحت العرش رواه العقيلي وقال هذا الحديث
غير محفوظ وعبد الاعلى بن حكيم الراوي له
عن انس مجهول وابو بكر بن عبد الله بن ابي ميسرة
متروك وسليمان الشاذكوني متروك قال
في الميزان هذا اسناد مظلم ومتن ليس بصحيح انتهى
وقد اخرجه ابو الشيخ في العظمة وروى الطبراني
نحوه باسناد اخر ورواه ابن عدي عن جابر
حديث اذا كان القوس من اول السنة فهو
عام خصب واذا كان من اخر السنة فهو امان
من الغرق رواه ابو الشيخ عن انس مرفوعا
قال ابن الجوزي لا يصح وفيه مجاهيل وضعفاء
حديث امان اهل الارض من الغرق قوس قزح
وامان اهل الارض من الاختلاف الموالاة
لقريش واذا خالف قريشا قبيلة صارت من حزب
ابليس رواه الازدي عن انس مرفوعا
قال ابن الجوزي موضوع وفي اسناده وهب بن

کہا اونے پانچ ہین مینے انکو رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے یاد
کیا ہے فرمایا آنحضرت نے نہین ہے صفر اور نہ کوئی کویری کا جانور اور نہ
بیماری کا تجاوز کرنا اور نہ دو مہینے کہ ساٹہہ دن کے پورے ہوتے ہین اور
بھی وسنے ابی امامہ سے روایت کیا ہے حدیث جب چاند سرخی سے
پہلے غروب ہو جاوے تو وہ وسی رات کا ہے اور اگر بعد سرخی کے
غائب ہو تو وہ دو راتونکا ہے کہا ابن حبان نے اسکا کچھ اصل نہین ہے حدیث
معاذ نے کہا جب مجھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے یمن کیطرف بھیجا فرمایا
تو قوم اہل کتاب کے پاس جائیگا اگر تجھے مجرہ کا حال پوچھین تو
انکو خبر دے کہ وہ سانپ کی رگ ہے جو عرش کے نیچے ہے اسکو عقیلی
نے روایت کیا ہے اور کہا یہ حدیث محفوظ نہین ہے اور اسکا راوی
عبد الاعلی بن حکیم جو انس سے روایت کرتا ہے مجہول ہے اور ابو بکر
بن عبد اللہ بن ابی میسرہ متروک ہے اور سلیمان الشاذکونی
متروک ہے۔ کہا میزان مین یہ اسناد مظلم ہے اور متن صحیح نہین
ہے انتہے اور اسکو ابو الشیخ نے عظمت مین نکالا ہے اور طبرانی
نے دوسری اسناد سے اور ابن عدی نے جابر سے روایت کی ہے
حدیث جب قوس قزح (جسکو کمان بولتے ہین) ابتدا
سال مین ہو تو وہ سال قحط کا ہے اور جب آخر سال مین
ہو تو اوس سال مین غرق سے امان ہے اسکو ابو الشیخ نے
انس سے مرفوعا روایت کیا ہے۔ کہا ابن جوزی نے صحیح
نہین اور اسمین کئی مجہول اور ضعیف ہین حدیث
امان زمین والون کی غرق سے قوس قزح ہے اور امان زمین
والون کی اختلاف سے قریش کی دوستی ہے اور جب قریش
کسی قبیلہ کے مخالف ہو تو وہ قبیلہ گروہ شیطان سے ہے
اسکو ازدی نے انس سے مرفوعا روایت کیا ہے۔ کہا
ابن جوزی نے موضوع ہے۔ اور اسکی اسناد مین وہب بن

حفظ الجرانی وهو كذاب يضع وقد رواه الطبرانی من غير طريقه وقد اخرجه الحاكم فی المستدرك عن ابن عباس مرفوعًا وقال صحيح وتعقبه الذهبی فقال واه فی اسناده ضعيفان

حديث لا تقولوا قوس قزح فان قزح هو الشيطان ولكن قولوا قوس الله فهو امان لاهل الارض من الغرق رواه الخطيب عن ابن عباس مرفوعا وفی اسناده زكريا بن حكيم قال النسائی ويحيى بن معين ليس بثقة وقال احمد ليس بشئ وقال ابن المدينی هالك

حديث انه سئل النبی صلى الله عليه وآله وسلم عن تفسير له مقاليد السموات والارض فقال تفسيرها لا اله الا الله والله اكبر وسبحان الله وبحمده واستغفر الله ولا قوة الا بالله والاول والاخر والظاهر والباطن بيده الخير يحيى ويميت وهو على كل شئ قدير الخ قال ابن الجوزی موضوع وكذا قال فی الميزان وقد اخرجه ابو يعلى فی مسنده وابن المنذر وابن مردويه وابن ابی حاتم فی تفاسيرهم وابن السنی فی عمل اليوم والليلة والبيهقی فی الاسماء والصفات

حديث لكل شئ سبب وليس كل احد يفطن له ولا يسمع به وان لابی جاد لحديثا عجيبا اما ابو جاد فابی آدم الطاعة وجد فی اكل الشجرة واما هوز فهوی فی السماء الى الارض واما حطی فحطت عنه خطاياه بالتوبة واما كلمن فاكل من الشجرة ومن عليه

حفظ الجرانی ہی اور وہ کذاب وضاع ہی۔ اور طبرانی نے غیر اس طریق سے بھی روایت کیا ہی۔ اور حاکم نے مستدرک میں ابن عباس سے مرفوعًا روایت کیا ہی اور کہا صحیح ہے اور ذہبی نے اسکا تعقب کیا ہی اور کہا واہی ہی اسکی اسناد میں دو ضعیف ہیں

حدیث قوس قزح نہ کہو اسلیے کہ قزح شیطان کا نام ہے لیکن اللہ تعالی کی قوس کہو یہ زمین والون کیلیے امان ہے اسکو خطیب نے ابن عباس سے مرفوعًا روایت کیا ہی اور اسکی اسناد میں زکریا بن حکیم ہے کہا نسائی اور یحیی بن معین نے یہ ثقہ نہیں ہے۔ اور کہا احمد نے یہ کچھ شئے نہیں ہی۔ اور کہا ابن المدینی نے ہالک ہی

حدیث نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اس آیت کی تفسیر کی بابت سوال ہوا (لہ مقالید السموات والارض) فرمایا تفسیر اسکی یہ ہے نہیں کوئی لائق عبادت کی مگر اللہ اور اللہ بہت بڑا ہے اور اللہ پاک ہی اور میں حمد کرتا ہون اور میں اللہ سی بخشش چاہتا ہون اور نہیں قوت مگر ساتھ اللہ کی اور اول اور آخر اور ظاہر اور باطن کی اوسکے ہاتھ میں نیکی ہے زندہ کرتا اور مارتا ہی اور وہ ہر شئی پر قادر ہے الخ کہا ابن جوزی نے موضوع ہی اور ایسا ہی میزان میں کہا ہی اور ابو یعلی نے اسکو مسند میں اور ابن المنذر اور ابن مردویہ اور ابن ابی حاتم نے اپنی تفاسیر میں اور ابن السنی نے عمل الیوم واللیلہ میں اور بیہقی نے الاسماء والصفات میں ذکر کیا ہی

حدیث ہر ایک شئے کی لیے سبب ہے اور ہر ایک اسکو سمجھ نہیں سکتا اور نہ اسکو سنتا ہی۔ اور ابی جاد کی ایک عجیب حدیث ہی لیکن ابو جاد نے آدم کی اطاعت کا انکار کیا اور درخت کے کھانے میں کوشش کی اور لیکن ہوز پس اوسنے آسمان میں سے زمین کیطرف قصد کیا اور لیکن حطی پس اوسکے گناہ دور ہوگئے اور لیکن کلمن پس اسنے درخت سے

واما سعفص فعصى ادم ربه فاخرج من النعيم
الى النكد واما قرشت فاقر بالذنب وسلم
من العقوبة رواه الخطيب عن ابن عباس موقوفا
وهو موضوع عليه وفيه مجاهيل قال في اللآلي
اخرجه ابن جرير في تفسيره الى اخر كلامه و
اقول هذا من الكذب الذي لا يصدر الا عن
اجهل الجاهلين واقبح المفترين وحاشى ابن
عباس واهل طبقته ومن بعدهم ان يتكلموا
بمثل هذا فمن رواه في مؤلفه مفتراية غير عالم
ببطلانه فهو اجهل من واضعه **حديث**
انه جاء بستاني اليهودي الى النبي صلى الله عليه و
اله وسلم فقال يا محمد اخبرني عن النجوم التي
راها يوسف ساجدة له ما اسماؤها فلم
يجبه بشئ حتى اتاه جبريل فاخبره فارسل
الى اليهودي فقال ان اخبرتك باسماءها تسلم
قال اخبرني قال خرثان وطارق والذبال وذو
الكتفان وذو الفرع ووثاب وعمودان وقابس و
الضروج والمصبح والنبلق والضيا والنور
رواه منصور بن سعيد في سننه عن ابن مسعود
مرفوعا وهو موضوع كما قال ابن الجوزي و ذكر
ان في اسناده الحاكم بن ظهير وهو متروك و
السدي وهو كذاب قال في اللآلي هذا السدي
ليس هو محمد بن مروان الكذاب بل هو اسمعيل بن
عبد الرحمن احد رجال مسلم والحديث اخرجه
البزار وابو يعلى في مسنديهما وابن جرير و ابن

اور لیکن سعفص پس بے فرمانی کی آدم نے اپنے رب کی پھر نعمتون سے
سختی کیطرف نکالا گیا اور لیکن قرشت پس اوسنے گناہ کا اقرار
کیا۔ اور عذاب سے سلامت رہا۔ اسکو خطیب نے ابن عباس سے مرفوعًا
روایت کیا ہی اور یہ اسپر موضوع ہے اور اسمین کئی مجہول ہین کہا
لآلی مین اسکو ابن جریر نے تفسیر مین ذکر کیا ہے الخ مین کہتا
ہون یہ ایسا کذب ہی کہ نہین نکلتا مگر نہایت درجہ کے جاہل اور
بڑے مفتری سے اور ابن عباس اور اسکے طبقہ والے اور انکے پیچھے والے
پاک ہین اس بات سے کہ ایسی کلام کرین پس جسنے اسکو اپنی تالیف مین
اسپر فریفتہ ہوکر حالانکہ وہ اسکے بطلان کو نہ جانتا تہا روایت
کیا پس وہ اسکے واضع سے بھی زیادہ مجہول ہی **حدیث**
ایک باغبان یہودی کا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور کہا اے
محمد مجھے ان ستارون کی خبر دو جنکو یوسف علیہ السلام نے اپنے لیے
سجدہ کرتے دیکہا ہی آنحضرت نے اسکو کچھ جواب نہ دیا تاکہ جبرئیل
آیا اوسنے آپکو خبر دی پس آنحضرت نے یہودی کیطرف آدمی
بھیجا اور فرمایا اگر مین تجکو نامونکی خبر دون تو تو اسلام لائیگا
کہا اوسنے مجھے خبر دو۔ فرمایا خرثان اور طارق اور ذبال اور
ذو الکتفان اور ذو الفرع اور وثاب اور عمودان اور قابس اور
ضروج اور مصبح اور نبلق اور ضیا اور نور۔ اسکو منصور بن سعید نے
سنن مین ابن مسعود سے مرفوعًا روایت کیا ہی اور یہ موضوع ہے
جیسا کہ ابن جوزی نے کہا ہی اور ذکر کیا اوسنے کہ اسکی اسناد
مین الحکم بن ظہیر ہے اور وہ متروک ہی اور سدی وہ کذاب ہے
کہا لآلی مین یہ سدی وہ محمد بن مروان کذاب نہین
ہے۔ بلکہ وہ اسمعیل بن عبد الرحمان مسلم کا راوی
ہے۔ اور حدیث کو بزار اور ابو یعلی نے اپنی سند
مین اور ابن جریر اور + + + + + + + + +

ابی حاتم وابن المنذر وابو الشیخ وابن مردویۃ
فی تفاسیرھم وابو نعیم والبیھقی کلاھما فی دلائل
النبوۃ وللحکم متابع قوی اخرجه الحاکم فی
المستدرک وقال صحیح علی شرط مسلم وهو اسباط
ابن نصر عن السدی به حدیث فی السماء
الدنیا بیت یقال له المعمور بحیال هذه الکعبة
وفی السماء الرابعة نهر یقال له الحیوان یدخل
فیه جبریل کل یوم فیغمس انغماسة فینتقض
انتقاضة فیخر عنه سبعون الف قطرة فیخلق
الله عز وجل من کل قطرة ملکا ثم یؤمرون ان
یاتوا البیت المعمور فیصلون فیه ثم یخرجون
فلا یعودون الیه ابدا فیولی علیهم احدهم ثم
یؤمرون ان یقف بهم من السماء موقفا یسبحون
الله فیه الی ان تقوم الساعة رواه العقیلی
قال ابن الجوزی هو موضوع آفته روح بن جناح
وقال الحافظ عبد الغنی لا اصل له قال فی اللآلی
ما هو بموضوع قال العقیلی عقب اخراجه لا
یحفظ من حدیث الزهری الا عن روح بن جناح
وفیه روایة من غیر هذا الوجه باسناد صالح
وذکر البیت المعمور انتهی والحدیث اخرجه ابن
المنذر وابن ابی حاتم وابن مردویه فی تفاسیرهم و
روح لم یتهم بکذب بل قال النسائی وغیره
لیس بالقوی ووثقه دحیم وقال ابو حاتم
یکتب حدیثه ولا یحتج به حدیث ثلاثة لله
املاک ملک موکل بالکعبة وملک موکل

ابن ابی حاتم اور ابن المنذر اور ابو الشیخ اور ابن مردویہ نے اپنی
تفسیرون مین اور ابو نعیم اور بیہقی دونون نے دلائل النبوۃ مین
روایت کیا ہی اور حکم کا متابع قوی ہی اسکو حاکم نے مستدرک
مین نکالا ہی اور کہا شرط مسلم پر صحیح ہے اور وہ اسباط بن نصر
ہے سدی سے روایت کرتا ہی حدیث آسمان دنیا مین ایک گھر
ہے اوسکا نام معمور ہے اس کعبہ کے مقابلہ مین ہے اور چوتھے آسمان
پر ایک نہر ہی نام اوسکا حیوان ہے ہر روز اسمین جبرائیل داخل
ہوکر غوطہ لگاتا ہے اور تاب دیتا ہی تاب دینے کے پس اوس سے
ستر ہزار قطرہ گرتا ہے اللہ تعالی ہر ایک قطرہ سے ایک فرشتہ
پیدا کرتا ہی پھر اونکو بیت المعمور کی طرف آنیکا حکم ہوتا ہی پس وہ
اوسمین نماز پڑھتے ہین پھر نکلتے ہین او پھر اوسکیطرف
کبھی نہین لوٹتے۔ اور ایک اونپر امیر کیا جاتا ہی پھر اونکو حکم ہوتا
ہے کہ آسمان کی ایک جگہہ مین ٹہیر کر قیامت تک اوسمین
اللہ تعالی کی تسبیح کرتے رہین اسکو عقیلی نے روایت کیا ہی کہا ابن جوزی
نے یہ موضوع ہی آفت اسکی روح بن جناح ہے اور کہا حافظ
عبد الغنی نے اسکا کچھ اصل نہین ہی کہا لآلی مین یہ موضوع ہے
کہا عقیلی نے بعد لانے اس حدیث کے یہ زہری سے محفوظ
نہین مگر روح بن جناح سے اور اسمین روایت غیر اس وجہ
سے ساتھ اسناد صالح کے ہی اور اوسمین بیت المعمور
کا ذکر ہے انتھے اور حدیث کو ابن المنذر اور ابن ابی حاتم
اور ابن مردویہ اپنی تفسیرون مین لائے ہین اور روح
کذب سے متہم نہین ہے بلکہ نسائی وغیرہ نے کہا ہی یہ قوی
نہین اور دحیم نے اسکی توثیق کی ہے اور کہا ابو حاتم نے
اسکی حدیث لکھی جاوے اور اس سے حجت نہ پکڑی جاوے حدیث
اللہ تعالی کے تین فرشتے ہین ایک فرشتہ کعبہ کا موکل ہی اور ایک فرشتہ

بمسجدی هذا وملك موكل بالمسجد الاقصى
فاما الملك الموكل بالكعبة فينادي كل يوم
من ترك فرائض الله خرج من امان الله
واما الملك الموكل بمسجدي هذا فينادي كل يوم
من ترك سنة محمد لم يرد الحوض ولم تدركه
شفاعة محمد واما الموكل بالمسجد الاقصى
فينادي كل يوم من كانت طعمته حراما
كان عمله مضروبا به في وجهه رواه الخطيب
عن ابن مسعود مرفوعا وقال هذا منكر ورجاله
ثقات معروفون سوى محمد بن اسحق البصري
واحمد بن رجا بن عبيدة فانهما مجهولان قال
في الميزان هذا خبر كذب **حديث** احد ركن
من اركان الجنة رواه ابن عدي عن سهل بن سعد
مرفوعا وفي اسناده عبد الله بن جعفر وهو
متروك قال في اللآلي هو والد علي بن المديني
وهو وان كان ضعيفا فلم يتهم بكذب وقد روى
له الترمذي وابن ماجة وله شاهد اخرجه
ابن ماجة عن انس قال سمعت رسول الله صلى
الله عليه وآله وسلم يقول ان احدا جبل يحبنا
ونحبه وهو على ترعة من ترع الجنة وعير على
ترعة من ترع النار **حديث** اربعة جبال
من جبال الجنة واربعة انهار من انهار الجنة
واربع ملاحم من ملاحم الجنة قيل فما الاجبال قال
احد وطور ولبنان ولم يذكر الرابع والانهار
النيل والفرات وسيحان وجيحان والملاحم بدر واحد

میری مسجد کا موکل ہے اور ایک فرشتہ بیت المقدس کا
موکل ہے لیکن وہ فرشتہ جو کعبے کا موکل ہے ہر روز یہ آوازہ
کرتا ہی جو شخص فرائض اللہ تعالی کے ترک کریگا اللہ تعالی کی امان
سے نکل جائیگا اور وہ فرشتہ جو میری مسجد کا موکل ہے وہ ہر
روز یہ آوازہ کرتا ہے جو شخص محمد کی سنتین ترک کریگا وہ حوض
پر وارد نہ ہوگا اور اوسکو شفاعت محمد کی نہ پہونچیگی اور وہ فرشتہ
جو مسجد اقصی پر موکل ہے وہ ہر روز یہ آوازہ کرتا ہی جسکا طعام حرام
ہوگا اوسکے عمل اوسکے منہ پر ماری جائینگی اسکو خطیب نے ابن مسعود
سے مرفوعا روایت کیا ہی۔ اور کہا یہ منکر ہے اور راوی اسکی
ثقہ ہین معروف ہین سوائے محمد بن اسحق البصری اور احمد بن رجا
بن عبیدہ کے یہ دونون مجہول ہین۔ کہا میزان مین
یہ خبر کذب ہی **حدیث** احد رکن ہی جنت کی رکنون سے
اسکو ابن عدی نے سہل بن سعد سے مرفوعا روایت کیا ہی اور
اسکی اسناد مین عبد اللہ بن جعفر ہی اور وہ متروک ہے
کہا لآلی مین یہ علی بن مدینی کا والد ہی اور وہ اگرچہ ضعیف ہے
لیکن کذب سے متہم نہین حالانکہ اس سے ترمذی اور ابن ماجہ
نے روایت کی ہے اور اسکے لیے شاہد ہی اسکو ابن ماجہ نے
انس سے نکالا ہی کہا اونسے مینے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
سے سنا ہے کہ فرماتے تھے کہ احد پہاڑ ہی ہمکو دوست رکھتا
ہے ہم اوسکو دوست رکھتے ہین اور وہ جنت کی خواہش
رکھتا ہی اور عیر آگ کی خواہش رکھتا ہی **حدیث** چار پہاڑ
جنت کی پہاڑون سے ہین۔ اور چار نہرین جنت کی نہرون سے
ہین اور چار ملاحم جنت کی ملاحم سے ہین کہا گیا وہ پہاڑ
کون ہین فرمایا احد اور طور اور لبنان اور چوتھا اونسے ذکر نہین کیا
اور نہرین نیل اور فرات اور سیحان اور جیحان ہین اور ملاحم بدر اور احد

والخندق وخیبر رواه ابن عدی فی اسناده
کثیر بن عبد الله بن عمرو بن عوف قال ابن حبان
له عن ابیه عن جده نسخة موضوعة وقد
روی له الترمذی وصحح حدیثه واعترض علیه
بذلک وقد اخرجه الطبرانی واخرج مسلم فی
صحیحه من حدیث ابی هریرة قال قال رسول الله
صلی الله علیه وآله وسلم سیحان وجیحان و
النیل والفرات کل من انهار الجنة **حدیث**
ان لله شیاطین فی البر لیس لهم علی ما فی البحر سلطان
وشیاطین فی البحر لیس لهم علی ما فی البر سلطان و
شیاطین فی اللیل لیس لهم علی ما فی النهار
سلطان وشیاطین فی النهار لیس لهم علی ما
فی اللیل سلطان الخ فی اسناده کذابان قال
ابن الجوزی هو موضوع **حدیث** الیدان
جناحان والرجلان بریدان والاذنان قمع والعینان
دلیل واللسان ترجمان والطحال ضحک والرئة
نفس والکلیتان مکر والکبد رحمة والقلب ملک
فاذا فسد الملک فسد جنوده واذا صلح الملک
صلح جنوده رواه ابن عدی عن ابی سعید مرفوعا
ورواه الطبرانی عن عائشة مرفوعا وکلاهما
موضوع کما قال ابن الجوزی وقد دفع ذلک
صاحب اللآلی ولیس فی الحدیث فائدة فلیت شعری
حمل الواضع علی وضع مثل هذا الکلام الساقط
حدیث الارواح فی خمسة اجناس فی
الانس والجن والشیاطین والملئکة والروح

اور خندق اور خیبر ہین اسکو ابن عدی نے روایت کیا ہی اور
اسکی اسناد مین کثیر بن عبد اللہ بن عمرو بن عوف ہی کہا ابن
حبان نے اوسنے اپنی باپ سے اونسے دادا سے ایک نسخہ موضوعہ
روایت کیا ہی اور ترمذی نے اوس سے روایت کی ہی اور اسکی حدیث
کی اوسنے تصحیح کی ہی اور اسی پر اوسپر اعتراض کیا گیا ہی اور طبرانی نے
اسکو لایا ہی اور مسلم صحیح مین ابی ہریرہ سے لایا ہی کہا اوسنے فرمایا
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سیحان اور جیحان اور نیل اور
فرات ہر ایک جنت کی نہرون سے ہی **حدیث** جو شیطان اللہ
تعالی کے خشکی مین ہین اونکا غلبہ اوس چیز پر جو دریا مین ہے
نہین ہے اور جو شیطان دریا مین ہین اونکا غلبہ اوس چیز پر
